Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 16 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 16 جون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆فلم سازی شعبے کے فروغ کی خاطر مرکزی حکومت وعدے کی پابند ہے۔

☆ممبئی انٹرنیشنل فلم فیسٹیول کے افتتاح کے موقع پر اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر مورگن کا تیقن۔

☆Vishantaman Lifetime Achievment Award فلم ساز سبیا نلمتھو کو دیئے جانے کا اعلان۔

☆ساہتیہ اکادمی کے بچوں کے ادبی انعام کے لئے بھارت ساسنے جبکہ نوجوانوں کے ادبی انعام کے لئے تلجاپور کے دیوی داس کا انتخاب۔

☆نقلی یا زائد قیمت پر بیج فروخت کرنے والے دکانداروں پر سخت کاروائی کا انتباہ۔

اور۔۔ ☆گرمی کی تعطیلات کے بعد اسکولوں میں دوبارہ بچوں کی چہچہاہٹ۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مُورُگن نے یقین دلایا ہے کہ مرکزی حکومت فلم سازی شعبے کے فروغ کے لئے وعدہ کی پابند ہے۔ Mumbai International Film Festival (MIF) کا کل وزیر موصوف کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ اس موقع پر انہوں نے یہ تیقن دیا۔ ڈاکٹر مُورُگن نے وی شانتارام لائف ٹائم اچیومینٹ ایوارڈ جنگلی حیات پر فلمیں بنانے والے سبیّا نل متھو کو دیئے جانے کا اعلان کیا۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت ملک کو فلم سازی کے عالمی مرکز کے طور پر تیار کرنا چاہتی ہے۔ اس لئے انہوں نے دستاویزی مختصر اور انیمیشن فلمیں بنانے والوں سے بھارت آکر فلمیں بنانے کی اپیل کی ہے۔ اس فلم فیسٹیول کے افتتاحی سیشن میں Bili & Mouli on auto love story نامی فلم دکھائی گئی۔ اس برس اس فیسٹیول میں پہلی بار 59 سے زائد ممالک کی 61 زبانوں میں 314 فلموں کی نمائش کی جارہی ہے۔ یہ فلمیں ممبئی، پونے، کولکتہ، دہلی اور چنئی میں دکھائی جارہی ہے۔

***** **** *****

کل ہند مراٹھی ڈرامہ پریشد کا لائف ٹائم اچیومینٹ ایوارڈ کل ممبئی میں پریشد کے ٹرسٹی شرد پوار کے ہاتھوں سینئر فنکار روہنی ہٹنگنی اور اشوک صراف کو پیش کیا گیا۔ اس موقع پر ڈرامہ پریشد کے صدر ڈاکٹر جبار پٹیل، ٹرسٹی ادئے سامنت موجود تھے۔ اس تقریب کے دوران تجرباتی ڈراموں کے لئے 8 تجارتی ڈراموں کے لئے 14 اور ڈرامہ پریشد کی جانب سے 13 ایوارڈس تقسیم کئے گئے۔

اس موقع پر 100 ویں ڈرامہ پریشد کی مناسبت سے منعقدہ مہوتسو کے مختلف مقابلوں کے فاتحین نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔

***** ***** *****

اعلیٰ تعلیمی اداروں کے لئے لازم ہے کہ وہ 30 ستمبر تک اپنے داخلے منسوخ کرنے والے طلباء کی مکمل فیس واپس کریں۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (UGC) نے سال 25-2024 کے لئے فیس واپسی کی پالیسی کا اعلان کیا ہے۔ یہ پالیسی مرکزی اور ریاستی حکومت کے دائرہ اختیار میں آنے والے تمام اعلیٰ تعلیمی اداروں، کمیشن سے منظور شدہ اداروں اور تسلیم شدہ یونیورسٹیوں پر نافذ ہوگی۔

***** ***** *****

ساہتیہ اکیڈمی کے تحت سال 2024 کے لئے بچوں اور نوجوانوں کے ادبی انعامات کا اعلان کیا گیا ہے۔ بھارت ساسنے کے مراٹھی ناول ''سمشیر آنی بھوت بنگلہ'' کو بچوں کا ادبی ایوارڈ دیا جائے گا۔ تلجاپور کے ادیب دیوی داس سوداگر کی لکھی ناول 'اسون' کو نوجوانوں کے ادبی ایوارڈ کے لئے چنا گیا ہے۔ یہ دونوں انعامات 50 ہزار روپیوں اور توصیفی سند پر مشتمل ہے۔ ساہتیہ اکیڈمی کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ ان انعامات کی تقسیم کی تاریخ کا جلد ہی اعلان کیا جائے گا۔

***** ***** *****

مہا وکاس آگھاڑی نے کہا ہے کہ وہ آئندہ اسمبلی انتخابات ایک ساتھ لڑیں گے۔ اور ہر نشست پر قابل امیدوار فراہم کریں گے۔ لوک سبھا انتخابات کے نتائج کے تجزیئے اور آئندہ اسمبلی انتخابات سے متعلق معلومات کی فراہمی کے لئے کل ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ اس میں این سی پی شرد پوار گروپ کے صدر شرد پوار، شیوسینا بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ ادھو ٹھاکرے، کانگریس کے سینئر رہنما پرتھوی راج چوہان سمیت کئی معززین نے شرکت کی۔ اس موقع پر چوہان نے کہا کہ گذشتہ لوک سبھا انتخابات میں مذہبی جذبات کو بھڑکانے کی کوشش کی گئی تاہم عوام نے اس کا ساتھ نہیں دیا۔

اس اخباری کانفرنس میں ادھو ٹھاکرے نے مہا وکاس آگھاڑی کو تنقید کا نشانہ بنانے والوں سے مطالبہ کیا کہ وہ بتائیں کہ موجودہ مرکزی حکومت میں جماعتوں کے بیچ ہونے والا اتحاد فطری ہے یا غیر فطری۔ اس موقع پر شرد پوار نے کہا کہ وزیر اعظم نے سب سے زیادہ مہاراشٹر میں جلسے کیئے تاہم اس کا فائدہ آگھاڑی کو ہی ہوا ہے۔

***** ***** *****

وزیر زراعت دھننجے منڈے نے ریاست میں زیادہ قیمت میں بیج فروخت کرنے والے یا نقلی بیج بیچنے والے دکانداروں پر سخت کاروائی کرنے کا انتباہ دیا ہے۔ وزیر موصوف کل تمام ڈویژنل کمشنرس، زرعی کمشنرس، کلکٹرس، پولس سپرنٹنڈنٹس اور زرعی افسران کے ساتھ منعقدہ جائزاتی میٹنگ میں بول رہے تھے۔ اس موقع پر منڈے نے ہدایت دی کہ ہر ضلع میں کم از کم تین اضافی فلائنگ اسکواڈ تشکیل دیئے جائیں جو روزانہ کم از کم 25 دکانوں کا دورہ کریں اور بے ضابطگی پائے جانے پر فوراً مقدمہ درج کریں اور لائسنس منسوخ کردیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

موسم گرما کی تعطیلات کے بعد ریاستی تعلیمی بورڈ کے تحت اسکولوں میں کل سے دوبارہ بچوں کی چہچہاہٹ سنائی دینے لگی ہے۔اس سلسلے میں کل چھترپتی سمبھا جی نگر تعلقے کے گاڑی واٹ میں آدرش پرائمری اسکول میں کلکٹر دلیپ سوامی کی موجودگی کے دوران داخلے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر پہلی جماعت میں داخل طلباء کا سجی ہوئی گاڑی میں جلوس نکالا گیا۔میونسپل کارپوریشن کے کل 56 مراٹھی اوراردو اسکولوں نے بھی داخلے کی تقریب منائی۔میونسپل کمشنر جی شریکانت کی موجودگی میں طلباء کا جلوس نکال کر استقبال کیا گیا۔

***** ***** *****

اسکول کھلنے کے پہلے دن پربھنی شہر کے کئی اسکولوں میں طلباء کا گلاب کے پھول دے کر استقبال کیا گیا۔اسی طرح ہنگولی ضلع میں بھی پہلے دن طلباء کا پھولوں سے استقبال کیا گیااور کتابیں تقسیم کی گئیں۔

وہیں جالنہ شہراور دیہی علاقوں کے اسکولوں میں سروشکشہ ابھیان کے تحت طلباء میں نصابی کتابیں تقسیم کی گئیں۔اور مڈ ڈے میل کے دوران طلباء کو میٹھا کھلایا گیا۔

لاتور ضلع کی اسکولوں میں کلکٹر ورشا ٹھاکر گھگے کے تصور،اسکول میں پہلا قدم،درخت لگا کر پر عمل درآمد کیا گیا۔انتظامیہ نے بتایا کہ ضلع کی اسکولوں میں 16 ہزار کے قریب طلباء نے پہلی جماعت میں داخلہ لیا ہے۔جن کی جانب سے پودے لگائے گئے۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں حزب اختلاف کے رہنما امباداس دانوے نے الزام عائد کیا کہ طلباء کو پہلے دن دو یونیفارمس دیئے جانے تھے۔تاہم اب بھی بہت سے طلباء ایک یونیفارم سے محروم ہے۔دانوے کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں میڈیا سے بات چیت کررہے تھے۔اسی بیچ خواتین و اطفال کی ترقی کی ریاستی وزیر ادیتی تٹکرے نے کہا ہے کہ خواتین کے بچت گروپوں سے یونیفارم کی سلائی کروانے کے فیصلے پر موثر طریقے سے عمل کیا جارہا ہےاور کئی اسکولوں میں یونیفارم کی تقسیم شروع کی جاچکی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع پریشد کے D زمرے کے تحت نرسوں اور کنٹریکٹ کی بنیاد پر پرگرام سیوکوں کی خالی نشستوں کو پُر کرنے کے لئے آج سے 5 دنوں تک 3 سیشنز میں آن لائن امتحان منعقد کیا جارہا ہے۔ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت نے امتحانی مرکز کے علاقے میں امتناعی احکامات نافذ کئے ہیں۔

***** ***** *****

خلیجی ممالک میں آج قربانی کی عید منائی جارہی ہے۔مکہ کے علاقے مِنا میں آج زوال کے بعد حاجی بڑے شیطان کو کنکریاں مارنے کا آغاز کریں گے۔جس کے بعد قربانی کی جائے گی۔حلق کروایا جائے گااور طواف زیارت کیا جائے گا۔کل عرفات میں 30 لاکھ حاجیوں نے سب سے بڑا رکن وقوف عرفہ ادا کیا گیا۔اس موقع پر مسجد نمرہ میں امام ماہر بن حمد حفظ اللہ نے حج کا خطبہ پڑھا۔انہوں نے ایمان والوں کو انصاف کی بات کرنے اور بھلائی کے راستے پر چلنے کی ہدایت دی۔انہوں نے کہا کہ اسلام فحاشی، برائی اور امانت میں خیانت سے منع کرتا ہے۔اور بندوں کے حق ادا کرنے کا حکم دیتا ہے۔

عرفات میں دعائیں مانگنے کے بعد حجاج کرام غروب آفتاب کے بعد مزدلفہ پہنچے جہاں انہوں نے مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کی اور رات بھر قیام کیا۔آج فجر کی نماز کے بعد حاجی منی، پہنچنا شروع ہو چکے ہیں۔

***** **** *****

T-20عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل بھارت اور کینیڈا کے درمیان کھیلا جانے والا میچ بارش کے سبب منسوخ کر دیا گیا۔اور دونوں ٹیموں کو1-1 پوائنٹ دیا گیا۔وہیں کل کھیلے گئے دوسرے میچ میں انگلینڈ نے نمیبیا کوDuk worth luisاصول کی بنیاد پر 41 رنوں سے شکست دی۔اس وقت اسکاٹ لینڈ اور آسٹریلیاء کے درمیان میچ کھیلا جارہا ہے۔اسکاٹ لینڈ نے 5 وکٹ پر180 رن بنائے ہیں۔جوابی کھیل کے دوران آسٹریلیاء اب تک 3 وکٹوں کے نقصان پر75 رن بنا چکا ہے۔

***** **** *****

محکمہ موسمیات نے آج اور کل مراٹھواڑہ میں طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ناندیڑ کے علاوہ ڈویژن کے تمام اضلاع کے لئےYellow Alertجاری کیا گیا ہے۔

***** **** *****

::::::سرخیاں::::::

آخر میں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆فلم سازی شعبے کے فروغ کی خاطر مرکزی حکومت وعدے کی پابند ہے۔

☆ممبئی انٹرنیشنل فلم فیسٹیول کے افتتاح کے موقع پر اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر مورگن کا تیقن۔

☆Vishantaman Lifetime Achievment Awardفلم ساز سیتا نلمتھو کو دیئے جانے کا اعلان۔

☆ساہتیہ اکادمی کے بچوں کے ادبی انعام کے لئے بھارت سانسے جبکہ نوجوانوں کے ادبی انعام کے لئے تلجاپور کے دیوی داس کا انتخاب۔

☆نقلی یا زائد قیمت پر بیج فروخت کرنے والے دکانداروں پر سخت کاروائی کا انتباہ۔

اور۔۔ ☆گرمی کی تعطیلات کے بعد اسکولوں میں دوبارہ بچوں کی چہچہاہٹ۔

***** **** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپAIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** **** *****